AKZO NOBEL PAKISTAN LIMITED

NOTICE OF 5th EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Pursuant to a requisition from the majority shareholder for holding of fresh Election of Directors of Akzo Nobel Pakistan Limited (Company) under section 162 of the Companies Act 2017, notice is hereby given that the 5th Extraordinary General Meeting of the Shareholders of Akzo Nobel Pakistan Limited (Company) will be held on Monday, November 30, 2026, at 10:30 am virtually to transact the following business.

ORDINARY BUSINESS

1. **Election of Directors**

   To elect seven (7) Directors of the Company being the number of directors fixed by the Board of Directors pursuant to Section 159(1) of the Companies Act, 2017, at its meeting held on October 26, 2026. The election shall be conducted in accordance with Sections 159 and 162 of the Companies Act, 2017, for a term of three (3) years commencing from the date of election, pursuant to Section 161 of the Companies Act, 2017 and the Articles of Association of the Company.

   The existing directors shall be eligible to offer themselves for re-election, subject to the applicable provisions of the Companies Act, 2017 and the Articles of Association of the Company.

   The names of the retiring directors are **Mr. Sajjad Iftikhar, Mr. Mubbasher Omar and Mr. Syed Awais Amjad.**

By Order of the Board,

Raja Akbar Ali Mehboob
Acting Company Secretary
Akzo Nobel Pakistan Limited
Date: 6th November, 2026
Encl: Form of proxy

NOTES:

1. **Closure of Share Transfer Books:**
   The Share Transfer Books of the Company will remain closed from November 24, 2026, to November 30, 2026 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Shares Registrar, Messrs. FAMCO Share Registration Services (Pvt) Limited. 8-F, near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi, by the close of business on November 23, 2026, will be on time to be entitled to participate and vote in the meeting.

2. **Election of Directors**
   Any person who seeks to contest the election of directors, whether a retiring director or otherwise, shall, in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017, file the following with the Company at its registered office at 346, Ferozepur Road, Lahore, not later than fourteen (14) days before the date of the EOGM
   (a) notice of his/her intention to offer himself/herself for election as a director;
   (b) consent to act as a director in the form prescribed by law;
   (c) a declaration that he/she is not ineligible to become a director under Section 153 of the Companies Act, 2017 or under any other applicable law, and is otherwise eligible under the Articles of Association of the Company; and
   (d) a copy of his/her valid CNIC (or passport, in the case of a foreign national).
   A candidate may withdraw his/her notice at any time before the holding of the election. The notices received will be transmitted to the members not later than seven (7) days before the date of the EOGM in terms of Section 159(4) of the Companies Act, 2017. If the number of candidates does not exceed the number of directors to be elected, all candidates shall be declared elected unopposed; otherwise, the election shall be held by voting in accordance with Section 159 of the Act.

3. **Participation in the Extra Ordinary General Meeting:**
   The members and proxy holders will be able to log in, to participate and vote in proceedings of EOGM, through smart phones or computer devices from any convenient location after completing attendance formalities. Members are requested to forward their name, CNIC (both sides scanned copies), folio / CDC account number, cell phone number and email address. with subject '**Registration for AKZO's EOGM**' at saimahaq.nawaz@akzonobel.com by the deadline of 25th November 2026. Video link will be shared with only those Members whose emails IDs are received at given email address before 1500hrs on 25th November 2026.

   All Members entitled to attend and vote at the Meeting are entitled to appoint another person in writing as their proxy to attend and vote on their behalf. A proxy must be a member of the Company. A corporate entity, being a member, may appoint any person, regardless of whether they are a member or not, as its proxy. In case of corporate entities, a resolution of the Board of Directors/Power of Attorney with specimen signature of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity, shall be submitted to the Company along with a completed proxy form.

4. **Form of Proxy**

In order to be effective, duly completed and signed proxy forms must be received at the Company's registered office at 346, Ferozepur Road, Lahore at least 48 hours (excluding holidays) before the time of the meeting. Form of Proxy is attached to this Notice and can also be downloaded from the Company's website: http://www.akzonobel.pk Proxy form should be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC Numbers must be mentioned on the form

5. **Conversion of Physical Shares into the Book Entry Form**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), through S.R.O. 328(I)/2026 dated February 19, 2026, has mandated all unlisted companies having share capital to convert their physical shares into book-entry form prior to undertaking any share-related transactions. Under this notification, companies intending to carry out transactions such as transfer of shares, allotment (including bonus and rights), or buy-back of shares are required to ensure that all existing physical shares are converted into electronic form within the Central Depository System (CDS). Consequently, the Company going forward, would not be entertaining any physical transfer of shares which by virtue of the above SRO can only be processed in electronic form through CDS. Members of the Company having physical folios / share certificates are requested to convert their shares from physical form into book-entry form as soon as possible. The Members may contact their Broker, CDC Participant or CDC Investor Account Service Provider for assistance in opening a CDS Account and subsequent conversion of the physical shares into book-entry form.

6. **Procedure for E Voting:**

a) Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company by the close of business on Monday, November 23rd, 2026.
b) The web address, login details and password will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS and via email from the web portal of FAMCO Share Registration Services (Private) Limited (being the e-voting service provider).
c) Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.
d) E-Voting lines will start on Tuesday, November 24, 2026, at 05:00 PM. and shall close on Sunday, November 29, 2026, at 5:00 PM. Members can cast their votes any time in this period. Once the vote is cast by a Member, he / she shall not be allowed to change it subsequently.

7. **Procedure for Voting Through Postal Ballot:**

The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper along with copy of Computerized National Identity Card (CNIC) should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered office at 346, Ferozepur Road, Lahore or email at saimahaq.nawaz@akzonobel.com one day before the Extraordinary General Meeting on November 29, 2026, by 5:00 pm The signature on the ballot paper shall match with the signature on CNIC.

ایکزونوبل پاکستان لمیٹڈ

نوٹس برائے پانچویں غیر معمولی جنرل میٹنگ

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 162 کے تحت، ایکزونوبل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کے اکثریتی شیئر ہولڈر کی جانب سے ڈائریکٹرز کے نئے سرے سے انتخاب کے لیے دی گئی درخواست کے پیشِ نظر، بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ایکزونوبل پاکستان لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کی پانچویں غیر معمولی جنرل میٹنگ 30 نومبر 2026، بروز پیر، صبح 10:30 بجے آن لائن منعقد ہوگی جس میں درج ذیل امور پر کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

معمول کی کارروائی

1. ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، جو کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)159 کے تحت، 26 اکتوبر 2026 کو منعقدہ اپنے اجلاس میں مقرر کیے ہیں۔

ڈائریکٹرز کا یہ انتخاب، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 159 اور 162 کے مطابق عمل میں لایا جائے گا، جبکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 161 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق، منتخب شدہ ڈائریکٹرز کے عہدے کی مدت انتخاب کی تاریخ سے تین (3) سال ہوگی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی متعلقہ دفعات کے تحت، موجودہ ڈائریکٹرز بھی دوبارہ انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام یہ ہیں: جناب سجاد افتخار، جناب مبشر عمر اور جناب سید اویس امجد۔

بورڈ کے حکم سے،
راجہ اکبر علی محبوب
قائم مقام کمپنی سیکریٹری
ایکزونوبل پاکستان لمیٹڈ
06 نومبر 2026
منسلکہ: پراکسی فارم

نوٹس:

1. حصص منتقلی کتب کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کتب (Share transfer Books) 24 نومبر 2026 سے 30 نومبر 2026 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ 23 نومبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کے دفتر میں حصص منتقلی کی درخواستیں جمع کرانے والے شیئر ہولڈرز اس میٹنگ میں شرکت اور اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کے اہل ہوں گے۔

2. ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)159 کے مطابق، کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، خواہ وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور فرد، وہ غیر معمولی جنرل میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل درج ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، 346، فیروز پور روڈ، لاہور میں جمع کرائے گا:

(الف) ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کی خواہش سے متعلق تحریری اطلاع؛

(ب) قانون کے تحت مقررہ فارم میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے ذمہ داریاں ادا کرنے کی رضامندی؛

(ج) اس امر کا تحریری اقرار نامہ کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 153 یا کسی دوسرے قابل اطلاق قانون کے تحت ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے تحت بھی ڈائریکٹر بننے کا اہل ہے؛ اور

(د) اپنے کارآمد قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی (یا غیر ملکی شہریت کی صورت میں پاسپورٹ کی کاپی)۔

انتخاب منعقد ہونے سے پہلے کسی بھی وقت اپنی نامزدگی واپس لی جا سکتی ہے۔

موصول ہونے والی نامزدگیوں کی تفصیلات کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (4)159 کے مطابق، غیر معمولی جنرل میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل شیئر ہولڈرز کو فراہم کر دی جائیں گی۔

اگر امیدواروں کی تعداد منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہ ہو تو تمام امیدواروں کو بلا مقابلہ منتخب قرار دے دیا جائے گا؛ بصورتِ دیگر، کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 159 کے مطابق ووٹنگ کے ذریعے انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔

3. غیر معمولی جنرل میٹنگ میں شرکت

شیئر ہولڈرز اور ان کے مقرر کردہ نمائندے (پراکسیز) حاضری سے متعلق ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد، کسی بھی مناسب مقام سے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر کے ذریعے آن لائن میٹنگ میں لاگ اِن ہو سکیں گے اور میٹنگ کی کارروائی میں شرکت کے ساتھ ووٹ بھی دے سکیں گے۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نام، قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی دونوں جانب کی اسکین شدہ کاپی، فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس، ای میل کے موضوع (Subject) میں Registration for AKZO's EOGM درج کر کے 25 نومبر 2026 تک اس ای میل ایڈریس saimahaq.nawaz@akzonobel.com پر ارسال کر دیں۔ ویڈیو لنک صرف ان شیئر ہولڈرز کو بھیجا جائے گا جن کے ای میل ایڈریس مذکورہ ای میل پر 25 نومبر 2026 کو سہ پہر 3:00 بجے تک موصول ہو جائیں گے۔

میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل تمام شیئر ہولڈرز کو تحریری طور پر کسی دوسرے شخص کو میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے اپنا نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کا بھی حق حاصل ہے۔ جسے نمائندہ مقرر کیا گیا ہے اس کے لیے کمپنی کا شیئر ہولڈر ہونا ضروری ہے۔ تاہم، اگر کوئی کارپوریٹ ادارہ کمپنی کا شیئر ہولڈر ہو تو وہ کسی بھی شخص کو اپنا نمائندہ مقرر کر سکتا ہے، خواہ وہ شخص کمپنی کا شیئر ہولڈر ہو یا نہ ہو۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا مختار نامہ (Power of Attorney) جس میں ادارے کی جانب سے نمائندگی اور ووٹ دینے کے لیے نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے بھی موجود ہوں، مکمل شدہ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی میں جمع کرانا ضروری ہوگا۔

4. پراکسی فارم

پراکسی فارم مؤثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ مکمل طور پر پُر اور دستخط شدہ فارم، میٹنگ کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل (تعطیلات کو شمار کیے بغیر) کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، 346، فیروز پور روڈ، لاہور میں موصول ہو جائے۔ پراکسی فارم اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ http://www.akzonobel.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط، نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر سمیت درج ہونا بھی ضروری ہے۔

5. فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر S.R.O.328(I)/2026 مورخہ 19 فروری 2026 کے ذریعے ایسی تمام غیر لسٹڈ کمپنیوں جن کا شیئر کیپٹل موجود ہے،

کے لیے لازم قرار دیا ہے کہ شیئرز سے متعلق کسی بھی قسم کی کارروائی کرنے سے پہلے اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری (الیکٹرانک) فارم میں تبدیل کریں۔

اس نوٹیفکیشن کے تحت، شیئرز کی منتقلی، اجرا، (بشمول بونس اور رائٹس شیئرز) یا دوبرہ خریداری جیسی کارروائیاں کرنے کی خواہش مند کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام موجودہ فزیکل شیئرز کو سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے ذریعے الیکٹرانک فارم میں تبدیل کر دیا گیا ہو۔ چنانچہ آئندہ کمپنی فزیکل شیئرز کی منتقلی سے متعلق کوئی درخواست قبول نہیں کرے گی، کیونکہ مذکورہ نوٹیفکیشن کے تحت شیئرز کی منتقلی کا عمل CDS کے ذریعے الیکٹرانک فارم میں ہی مکمل کیا جا سکتا ہے۔ کمپنی کے وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل فولیو یا شیئر سرٹیفکیٹس موجود ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ شیئر ہولڈرز CDS اکاؤنٹ کھلوانے اور اس کے بعد اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانے کے لیے اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپینٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پروائیڈر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

6. الیکٹرانک ووٹنگ کا طریقہ کار

(الف)۔ الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت سے متعلق تفصیلات کمپنی کے ان شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی، جن کے درست قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC) اور ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے رجسٹر میں پیر، **23** نومبر **2026** کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موجود ہوں گے۔

(ب)۔ ویب ایڈریس، لاگ ان اور پاس ورڈ کی تفصیلات شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعے بھیجی جائیں گی۔ جبکہ سیکیورٹی کوڈز، فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت فراہم کرنے والے ادارے) کے ویب پورٹل کے ذریعے، شیئر ہولڈرز کو بذریعہ SMS اور ای میل فراہم کیے جائیں گے۔

(ج)۔ الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہش مند شیئر ہولڈرز کی شناخت کی تصدیق، الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے استعمال ہونے والے تصدیقی طریقہ کار کے ذریعے کی جائے گی۔

(د)۔ الیکٹرانک ووٹنگ کا عمل منگل، 24 نومبر 2026 کو شام 5:00 بجے شروع ہوگا اور اتوار 29 نومبر 2026 کو شام 5:00 بجے ختم ہوگا۔ شیئر ہولڈرز اس مقررہ مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ کسی قرارداد پر ایک مرتبہ ووٹ ڈالنے کے بعد متعلقہ شیئر ہولڈر کو اپنا ووٹ تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:

شیئر ہولڈرز اس بات کو یقینی بنائیں کہ مکمل طور پر پُر کردہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ، میٹنگ کے چیئرمین کے نام عمومی جنرل میٹنگ سے ایک دن قبل، یعنی 29 نومبر 2026 کو شام 5:00 بجے تک بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، 346، فیروزپور روڈ، لاہور پر یا ای میل کے ذریعے اس ای میل ایڈریس saimahaq.nawaz@akzonobel.com پر پہنچ جائے۔ بیلٹ پیپر پر کیے گئے دستخط کا قومی شناختی کارڈ پر موجود دستخط کے مطابق ہونا ضروری ہے۔